# Sample Question Paper 2026-27

## Subject: Urdu-B (303)

## Class-X

Time: 3 Hrs. M.M.:80

عام ہدایات:

- یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے، جس میں کل 15 سوالات شامل ہیں۔
- حصہ الف عبارت فہمی اور شعر فہمی 20 نمبر کا ہے۔
- حصہ ب تحریری مہارت 25 نمبر کا ہے۔
- حصہ ج عملی قواعد 20 نمبر کا ہے۔
- حصہ د ادب سے متعلق 15 نمبر کا ہے۔
- ہدایت کے مطابق جواب لکھیے

General Instructions:

- This Question Paper contains four sections and 15 Questions.
- Section - A "Reading and Comprehension'' carries 20 marks.
- Section - B "Writing Skills'' carries 25 marks.
- Section - C "Functional Grammar'' carries 20 marks.
- Section - D "Literature'' carries 15 marks.
- Attempt answer as per the instructions.

## حصّہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی Section-A

1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے درست جواب لکھیے۔ 5x1=5

"آج کل سائنس نے دنیا میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ سائنس کی بدولت ایسی ایسی ایجادات ہو چکی ہیں جن کو دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ موٹر گاڑی، ریل، بحری جہاز اور ہوائی جہاز سے فاصلہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ آج گھر بیٹھے ٹیلی ویژن، موبائل کے ذریعہ ہزاروں میل پر ہونے والے کھیل تماشے کو اپنی آنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے۔ زندگی کے ہر گوشے میں سائنس نے بے شمار فائدے پہنچائے ہیں۔ بجلی نے ہماری زندگی میں ایک زبردست انقلاب پیدا کر دیا ہے ۔گھروں، کارخانوں، دفتروں ہر جگہ ہر وقت بجلی استعمال ہوتی ہے۔ ہر چھوٹے بڑے کام اب بجلی سے لیا جاتا ہے۔ انٹرنٹ نے تو ہماری زندگی میں سب سے زیادہ متاثر کیا۔ انٹرنٹ سے واقعی اب دنیا ہماری مٹھی میں ہو گئی ہے۔"

(i) سائنس نے دنیا میں کیا پیدا کر دیا ہے؟

a. استحصال

b. انقلاب

c. جہالت

d. احتیاج

(ii) کس کی وجہ سے موٹر گاڑی، ریل، بحری جہاز اور ہوائی جہاز سے فاصلہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے؟

a. انسان کی محنت سے

b. قسمت کی بدولت

c. وقت کی پابندی سے

d. سائنس کی ترقی سے

(iii) ہر چھوٹے بڑے کام اب کس سے لیے جاتے ہیں؟

a. پانی سے

b. روشنی سے

c. بجلی سے

d. مزدوروں سے

(iv) دنیا ہماری مٹھی میں کس وجہ سے ہوئی ہے؟

a. انٹرنٹ کی وجہ سے



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

b. اخبارات کی وجہ سے

c. ٹی وی کی وجہ سے

d. محنت کی وجہ سے

(v) اقتباس میں سے لفظ حیات کا مترادف کیا ہے؟

a. بدولت

b. ڈھنگ

c. گوشے

d. زندگی

2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے درست جواب لکھیے۔ 5x1=5

گوتم نے آبرو دی اس معبد کہن کو　　　سرمد نے اس زمیں پر صدقے کیا وطن کو
اکبر نے جام الفت بخشا اس انجمن کو　　　سینچا لہو سے اپنے رانا نے اس وطن کو
سب سور بیر اپنے اس خاک میں نہاں ہیں
ٹوٹے ہوئے کھنڈر ہیں یا ان کی ہڈیاں ہیں
دیوار و در سے اب تک ان کا اثر عیاں ہے　اپنی رگوں میں اب تک ان کا لہو عیاں ہے
اب تک اثر میں ڈوبی ناقوس کی فغاں ہے　　　فردوس گوش اب تک کیفیت اذاں ہے
کشمیر سے عیاں ہے جنت کا رنگ اب تک
شوکت سے بہہ رہا ہیں دریائے گنگ اب تک

i۔ گوتم سے معبد کہن کو کیا ملا؟

a. تعلیم

b. آبرو

c. ذلت

d. رسوخ

ii۔ اکبر نے جام الفت بخشا اس انجمن کو۔ اس مصرع میں انجمن سے کیا مراد ہے؟

a. وطن

b. باغ

c. چمن

d. محفل



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

iii۔ سور بیر کہاں پوشیدہ ہیں؟

a. وطن کے سمندر میں

b. ولایت کے چمن میں

c. دنیا کے بحر و بر میں

d. وطن کی خاک میں

iv۔ جنت کا رنگ کس جگہ سے ظاہر ہو رہا ہے؟

a. کشمیر سے

b. شملہ سے

c. کنیا کماری سے

d. صحرا سے

v۔ ان اشعار میں کس ندی کا ذکر ہے؟

a. جمنا

b. کاویری

c. گنگا

d. جہلم

3۔درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے درست جواب لکھیے۔ 5x1=5

انہیں صاحب نے ایک بار اس سے بھی عجیب حرکت کی۔اس دن میں دریا کے کنارے کھڑا ہوا غروب آفتاب کا منظر دیکھ رہا تھا نہ جانے آپ کہاں سے آٹپکے۔آپ نے آؤ دیکھا نہ تاؤ پیچھے سے مجھے ایک زور سے دھکا دیا کہ میں لڑکھڑاتا ہوا پانی میں جا گرا۔آپ نہایت ڈھٹائی سے قہقہ لگا کر ہنسنے لگے "واہ خوب چھلانگ لگائی آپ نے!" جب میں بڑی مشکل سے تیر کر کنارے کے قریب پہنچا تو ایک قہقہہ لگا کر کہنے لگے "مجھے معلوم نہ تھا کہ آپ اتنے اچھے تیراک بھی ہیں"۔

تکلف کے خلاف آپ جو چاہیں کہیں لیکن آپ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ تکلف سرار نفاست ہے اور بے تکلفی سراسر کثافت۔ تکلف ''پہلے آپ'' ہے تو بے تکلفی ''پہلے ہم اور جہنم میں جائیں آپ''۔ تکلف گز بھر گھونگٹ ہے تو بے تکلفی گز بھر لمبی زبان- تکلف زیر لب مسکراہٹ ہے بے تکلفی خندہ بے باک۔

i۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

a. پانی کی آلودگی

b. خدا کے نام خط

c. کاٹھ کو گھوڑا



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

d. بے تکلفی

ii۔ مصنف سورج ڈوبنے کا منظر کہاں سے دیکھ رہا تھا؟

a. چھت کے کنارے سے
b. دریا کے کنارے سے
c. سمندر کے کنارے سے
d. سڑک کے کنارے سے

iii۔ کون سا بیان درست ہے؟

a. تکلف سراسر کثافت ہے۔
b. بے تکلفی سراسر نفاست ہے۔
c. تکلف سراسر نفاست ہے۔
d. بے تکلفی سراسر خجالت ہے۔

iv۔ گز بھر لمبی زبان کیا ہے؟

a. محاورہ
b. ضرب المثل
c. روزمرہ
d. سابقہ

v۔ اقتباس میں دوزخ کا مترادف۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

a. جنت
b. جہنم
c. برزخ
d. فردوس

4۔ درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے درست جواب لکھیے۔ 5x1=5

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے

ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بد قمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی لگے

نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تیری، نہ کچھ میری دانشوری چلے

i۔ یہ غزل کس شاعر کی ہے؟

a. غالب
b. میر تقی میر



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

c. ذوق

d. میر انیس

ii۔ عمر خضر کی مثال کس لیے آئی ہے؟

a. طویل عمر کے لیے

b. بہادری کے لیے

c. عبادت کے لیے

d. علم کے لیے

iii۔ 'ابھی آئے ابھی چلے' سے کیا معلوم ہوتا ہے؟

a. زندگی طویل ہے

b. زندگی سست ہے

c. زندگی بہت چھوٹی ہے

d. انسان مستقل ہے

iv۔ شعر میں بساط سے کیا مراد ہے؟

a. شطرنج

b. میدان کارزار

c. بازار

d. دنیا

v۔ اس غزل کا ردیف کیا ہے؟

a. خوشی

b. چلے

c. آئے

d. بری

## Section – B حصّہ (ب) تحریری مہارت

5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

a. حب الوطنی

b. یوم آزادی (15 اگست)

c. پسندیدہ شخصیت

d. وقت کی اہمیت



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

6۔اپنے بھائی کی شادی میں شامل ہونے کے لیے اپنے پرنسپل کے نام چھٹی کی ایک درخواست تحریر کیجیے۔ 5

یا

اپنے علاقے کی سیر کے لیے اپنے دوست کو دعوت دیتے ہوئے ایک خط لکھیے۔

7۔پریم چند یا رتن سنگھ کے حالات زندگی اوران کے ادبی کاموں پر ایک نوٹ لکھیے۔ 5

یا

سبق 'پانی کی آلودگی' یا 'کاٹھ کو گھوڑا' کا خلاصہ لکھیے۔

8۔غالب یا میر کے حالات زندگی اوران کی شاعرانہ خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 5

یا

نظم 'نیکی اور بدی' یا 'پہاڑ اور گلہری' کا مرکزی خیال لکھیے۔

## Section – C حصّہ (ج) عملی قواعد

9۔درج ذیل سوالات کے درست جواب لکھیے۔ 8x1=8

i۔ لفظ 'وزیر' کی جمع کیا ہے ؟

a. وزارت
b. وزرا
c. اوزار
d. زور

ii۔ اس فعل کو کیا کہتے ہیں جس میں فاعل معلوم ہو؟

a. فعل مجہول
b. فعل ناقص
c. فعل مستقبل
d. فعل معروف

iii۔ درج ذیل میں سے واحد کی نشاندہی کیجیے۔

a. امرا
b. اختیار
c. اعداد
d. افواج



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

iv۔ لفظ 'خیمہ' کا مترادف ہے۔

a. تنبو
b. محل
c. جھونپڑی
d. مکان

v۔ لفظ 'شکست' کا متضاد ہے۔

a. ہار
b. پستی
c. فتح
d. پسپائی

vi۔ ذیل کے الفاظ میں سے مؤنث کی نشاندہی کیجیے۔

a. راستہ
b. موقع
c. ظلم
d. قوم

vii۔ جملہ کے اختتام پر کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟

a. ؟
b. ۔
c. :
d. !

viii۔ درج ذیل میں سے اسم معرفہ کی پہچان کیجیے۔

a. نہر
b. گھوڑا
c. رگھوپت
d. شہر

10۔ کالم 'الف' کو کالم 'ب' سے ملان کیجیے۔

4x1=4

(i)

| الف | ب |
|---|---|
| قافیہ | عقلمند، فکرانگیز |
| اسم نکرہ | بدصورت، پرامن |
| سابقہ | بستی پستی |



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

لاحقہ گھوڑا، بیٹا

(ii) درج ذیل جملوں میں زمانے کی نشان دہی کیجیے۔ 4x1=4

(i) ہندوستانی کرکٹ ٹیم نے عالمی کپ جیتا۔

(ii) فروری میں سالانہ امتحانات منعقد ہوں گے۔

(iii) باہر بہت تیز بارش ہو رہی ہے۔

(iv) میں گزشتہ سال دوسرے اسکول میں پڑھتا تھا۔

11۔ درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4x1=4

مان رکھنا منھ لٹکانا میدان چھوڑنا آنکھوں میں دھول جھونکنا

## Section – D حصّہ (د) ادب

12۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 3x2=6

(i) پانی حاصل کرنے کے قدرتی ذرائع کون کون سے ہیں؟

(ii) پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط پڑھنے کے بعد کیا کیا؟

(iii) بندو کی سست رفتاری کا اثر کن کن لوگوں پر پڑا؟

13۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 2x1=2

(i) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی؟

(ii) اردو کہاں پیدا ہوئی؟

14:۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 2x2=4

(i) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

(ii) درج ذیل شعر سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ لکھیے۔

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی

15:۔ درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ 3x1=3

(i) اسماعیل میرٹھی کی نظم کا نام لکھیے۔

(ii) اپنی ثنا آپ کون کرتے ہیں؟

(iii) درج ذیل اشعار کے شاعر کا نام لکھیے۔

خون اپنا ہو یا پرایا ہو نسلِ آدم کا خون ہے آخر



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں　　　امن عالم کا خون ہے آخر